بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک بعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الأعرب ﷺ

ہمارے سردار اعلیٰ عربی جاننے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

عن یحییٰ بن یزید السعدی رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انا اعربکم انا من قریش ولسانی لسان بنی سعد بن بکر۔

(الطبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۱ ص ۱۱۳)

اوتی صلی اللہ علیہ وسلم جوامع الکلم وخص ببدائع الحکم وعلم السنۃ العرب یخاطب کل امۃ بلسانھا ویحاورھا بلغتھا ویباریھا فی منزع بلاغتھا۔

(سبل الھدیٰ ج ۲ ص ۱۳۰)

حضرت یحییٰ بن یزید سعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے، میں تم سے زیادہ اونچی عربی جانتا ہوں کیونکہ میں قریش خاندان سے ہوں اور میری زبان حلیمہ رضی اللہ عنہا کے خاندان بنی سعد کی زبان ہے۔

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جامع کلمے دیے گئے تھے اور دانائی کی باتوں سے خاص کیے گئے تھے اور آپ تمام عرب کی زبان سمجھتے تھے ہر قوم کو انہی کی زبان میں خطاب فرماتے تھے اور انکے محاورہ کو استعمال فرماتے تھے اور ان کی بلاغت کو بیان فرماتے تھے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
اٰمین اٰمین اٰمین یا رب العٰلمین